فوری ریلیز کے لیے: 22/9/2023 گورنر KATHY HOCHUL

گورنر HOCHUL نے زیرِ تعمیر 53 بس کے بالائی چارجرز کے ساتھ بس برق کاری پروجیکٹ میں پیش رفت کا اعلان کیا ہے

چارجنگ کے اہم بنیادی ڈھانچے کا یہ پروجیکٹ، میٹروپولیٹن ٹرانسپورٹیشن اتھارٹی کے ایک مکمل طور پر برق کاری شدہ بس فلیٹ والے فیز کو آگے بڑھاتا ہے

بجلی کی اتھارٹی کے ای نقل و حرکت کے انجینئرز، بس ڈپو چارجر کے تعمیراتی مقامات کی نگرانی کر رہے ہیں

MTA بس گیراج کی تصاویر یہاں دستیاب ہیں

ہفتۂ ماحولیات کے موقع پر، گورنر Kathy Hochul نے آج اعلان کیا کہ مینہیٹن، کوئینز، اسٹیٹن آئی لینڈ اور بروکلین میں میٹروپولیٹن ٹرانسپورٹیشن اتھارٹی کے ڈپوز میں 53 جدید ترین بالائی برقی بس چارجرز کی تعمیر کا کام جاری ہے۔ نیو یارک بجلی کی اتھارٹی کے زیر انتظام کثیر سالہ پروجیکٹ کے پہلے فیز میں، نیویارک سٹی آمدورفت کے لیے پانچ مقامات پر کُل 67 بالائی اور کیبلڈ ڈسپنسرز بنانا شامل ہے تاکہ اگلے سال کے اوائل میں آنے والی 60 نئی برقی بسوں کی تیاری کی جا سکے۔ جدید ترین برقی بنیادی ڈھانچہ، پورے نیو یارک سٹی میں MTA کے ترقی پاتے ہوئے صفر اخراج والے بس فلیٹ کی معاونت کرے گا، کاربن اخراجوں میں کمی لائے گا، ماحولیاتی تبدیلیوں سے نمٹنے کے لیے اور میٹروپولیٹن بس فلیٹ کے آپریٹرز کے لیے ایک ماڈل کے طور پر کام کرے گا۔ NYPA کے صدر اور CEO، Justin E. Driscoll، اور نیو یارک سٹی کے بسوں کے محکمۂ ٹرانزٹ اور MTA بس کمپنی کے سینئر نائب صدر، Frank Annicaro، نے آج کوئینز میں گرینڈ ایونیو بس ڈپو اور دیکھ بھال کی مرکزی سہولت گاہ کا دورہ کیا ہے تاکہ پیش رفت کا مشاہدہ کیا جائے کیونکہ ہفتۂ ماحولیات قریب آ رہا ہے۔

"دنیا کے عظیم ترین شہر میں اپنے میٹروپولیٹن بسوں کے فلیٹ کی برق کاری کرنے سے ہم اس قابل ہو جائیں گے کہ جب دیرپا اثرات مرتب کرنے والے ماحولیاتی اقدامات کی بات کی جائے تو نیو یارک کی قیادت کا مظاہرہ کیا جائے،" **گورنر Kathy Hochul نے کہا۔** "اندرون شہر کے ان بس ڈپوز میں ہونے والی پیش رفت، نیو یارک میں صاف توانائی والا بنیادی ڈھانچہ تعمیر کرنے کی تازہ ترین مثال ہے جس کے نتیجے میں ہماری ہوا کے معیار میں بہتری آئے گی اور ان کمیونٹیز کو فائدہ پہنچے گا جن کو ایک معدنی ایندھن کی معیشت سے نقصان پہنچا ہے۔ ہمارے بس فلیٹ میں اس اہم تبدیلی سے گرین ہاؤس گیسوں کے اخراج میں کمی آئے گی، نظام کی مؤثر استعدادِ کار ممکن ہو گی، اور ہمارے لیے 2040 تک صفر اخراج والے بس کے فلیٹ میں ہماری منتقلی ممکن ہو گی۔"

$54 ملین کے برق کاری پروجیکٹ کو آگے بڑھاتے ہوئے، NYPA کے ٹھیکیداروں نے اس ہفتے، کوئینز میں گرینڈ ایونیو بس ڈپو اور دیکھ بھال کی مرکزی سہولت گاہ میں، 17 پینٹوگرافز میں سے پہلا پینٹوگراف، ایک بالائی آہنی ڈھانچے پر نصب کر دیا ہے۔ اس بڑے پروجیکٹ میں بس ڈپو کے ڈھانچے کی تنظیم نو کرنا شامل ہے تاکہ اوور ہیڈ پینٹوگراف ڈسپنسرز اور برقی بسیں چارج کرنے کے لیے مخصوص لینز کی جگہ بنائی جائے۔ ایک متعلقہ اقدام میں، بروکلین میں مشرقی نیویارک کے ایک آؤٹ ڈور لاٹ میں چودہ پینٹوگرافز نصب کیے جا رہے ہیں اور بسوں کے لیے روزانہ آنے جانے کے راستوں کے درمیان ان کی بیٹریوں کو "ٹاپ آف" کرنے کے لیے، بروکلین میں ولیمزبرگ برج پلازہ میں ایک واحد آن اسٹریٹ پینٹوگراف چارجر لگایا جا رہا ہے۔ اگلے مہینے مینہیٹن کے کنگز برج ڈپو میں، دیگر

مزید 32 بالائی اور کیبلڈ ڈسپنسرز کی تنصیب شروع ہو جائے گی، جو بنیادی طور پر سٹیٹن آئی لینڈ میں برونکس اور چارلسٹن ڈپوز کے کام آتا ہے۔ متعدد کیبل والے چارجرز کی تنصیب کا کام بھی جاری ہے۔ توقع ہے کہ یہ تمام کام 2024 کے وسط تک مکمل ہو جائے گا۔

MTA کے صدر اور CEO Janno Lieber نے کہا، "برقی بس چارجرز کی تنصیب MTA کے اس جرات مندانہ منصوبے میں ایک بڑا قدم ہے کہ 2040 تک صفر اخراج والی بسوں کے فلیٹ میں منتقلی کی جائے۔ بڑے پیمانے کا نقل و حمل ہی موسمیاتی تبدیلی کے لیے ایک تریاق کا کام کرے گا، اور MTA کو یقینی طور پر ایک ماڈل ٹرانزٹ نظام بنانے کی خاطر، گورنر Hochul کی قیادت پر میں ان کا شکریہ ادا کرتا ہوں۔"

نیو یارک سٹی ٹرانزٹ میں بسز کے سینئر نائب صدر Frank Annicaro نے کہا، "یہ بسیں روزانہ 1.5 ملین سے زائد لوگوں کو اپنے دوش پر سفر پر لے جاتی ہیں، جس کے نتیجے میں سڑکوں پر چلنے والی گاڑیوں کی تعداد میں کمی آتی ہیں اور نیو یارک کے شہری وہاں پہنچ جاتے ہیں جہاں انہیں جانا ہوتا ہے۔ یہ پینٹوگراف ڈسپنسر MTA کی مدد کریں گے کہ وہ 2040 تک صفر اخراج والے فلیٹ کا وعدہ پورا کر سکیں اور موسمیاتی تبدیلی کے خلاف جنگ میں MTA کو ایک رہنما کے طور پر تقویت پہنچائیں گے۔"

بجلی کی اتھارٹی، ڈیزائن، اجازت کاری اور سازوسامان کی خریداری کے عمل کی نگرانی کر رہی ہے اور انقلابی تبدیلی والے ان پروجیکٹس کی تعمیر، کمیشننگ اور وارنٹی کا انتظام کر رہی ہے۔

ریاست نیو یارک بجلی کی اتھارٹی کے صدر اور CEO Justin E. Driscoll نے کہا، "ملک کے سب سے بڑے بسوں کے فلیٹ کی برق کاری کے کام کے لیے، میٹروپولیٹن ٹرانسپورٹیشن اتھارٹی کے ساتھ کام کرنے کے نتیجے میں نیو یارک کے اہداف پورے کرنے میں معاونت ملے گی تاکہ عوامی بسوں کی جانب منتقلی انجام پائے، گرین ہاؤس گیسوں کے اخراج میں کمی لائی جائے، اور نقل و حمل کی سہولت گاہوں کے قریب اور اس سے پار رہنے والی زد پذیر کمیونٹیز کے لیے ہوا کے معیار میں بہتری لانا ممکن ہو جائے۔ نیو یارک بجلی کی اتھارٹی کو فخر ہے کہ MTA کے ساتھ مل کر شہری علاقوں میں عوامی نقل و حمل کے نئے خدوخال وضع کیے جا رہے ہیں اور کاربن سے پاک بنایا جا رہا ہے اور دیگر میونسپلٹیوں کو ترغیب دی جا رہی ہے کہ اس کی پیروی کی جائے۔ بڑے پیمانے کے نقل و حمل کے لیے، یہ کام واقعی انقلابی تبدیلی کا باعث ہے اور نیو یارک ایک بار پھر اس قیادت کی راہ پر گامزن ہے۔"

یہ نیا بنیادی ڈھانچہ، MTA کے اس منصوبے کا حصہ ہے کہ اپنی سہولت گاہوں کو اپ گریڈ کیا جائے تاکہ 2029 کے بعد صرف برقی بسوں کی خریداری کے لیے اپنے عزم کی معاونت کی جائے اور 2040 تک 5,800 بسوں کے اپنے پورے بیڑے کو صفر اخراج والی گاڑیوں میں تبدیل کر دیا جائے۔ MTA ریاست میں برقی بسوں کے سرکردہ آپریٹرز میں سے ایک ہے جس میں فی الحال تقریباً 15 الیکٹرک بسیں چل رہی ہیں اور 2024 میں 60 بسیں پہنچنے والی ہیں۔ اس کے علاوہ، 2025 اور 2026 کے دوران اس سروس میں داخل ہونے والی اضافی 470 زیرو ایمیشن اور معیاری اور مخصوص بسوں کی خریداری کا عمل جاری ہے۔ اس املاک پر پہنچنے والی بسوں سے پہلے ہی پانچوں بوروز میں پھیلے 11 ڈپوز پر، 470 بسوں کے لیے معاونتی بنیادی ڈھانچہ نصب کیا جائے گا

جو پینٹوگرافز نصب کیے جا رہے ہیں وہ ایسی ڈیوائسز ہیں جو بالائی ڈھانچوں پر نصب شدہ ہیں اور ڈائریکٹ کرنٹ فاسٹ چارجرز (direct current fast chargers، DCFC) سے منسلک ہیں۔ جب کوئی بس نیچے کھڑی ہو جاتی ہے، تو ایک کیبل کے ذریعے بس کی چھت پر موجود برقی رابطوں کے ساتھ جڑنا ان کے لیے ممکن ہو جاتا ہے تاکہ بس میں موجود بیٹریوں کو ری چارج کرنے کے لیے بجلی فراہم کی جا سکے۔ یہ بالائی پینٹوگراف ڈسپنسرز مختلف صنعتکاروں کی بسوں کے ساتھ کام کریں گے۔

MTA کے کام کے ساتھ ہی، بفلو میں نیاگرا فرنٹیئر ٹرانسپورٹیشن اتھارٹی (Niagara Frontier Transportation Authority، NFTA) کے ساتھ ایک جاری و ساری پروجیکٹ، شمال مشرق میں، بس ڈپوز میں، پہلے پینٹوگراف بس چارجنگ پروجیکٹس ہیں۔

NYPA نے ریاست نیویارک کی توانائی کی تحقیقی و ترقیاتی اتھارٹی (New York State Energy Research and Development Authority، NYSERDA) کے ساتھ ایک مطالعاتی کام مکمل کیا ہے تاکہ پانچ بڑے بالائی ریاستی اور مضافاتی ٹرانزٹ آپریٹرز کو مکمل برقی ٹرانزٹ بسوں میں تبدیل کرنے کے منصوبے تیار کرنے میں مدد ملے، جن میں سافک کاؤنٹی، ویسٹ چیسٹر کاؤنٹی، CDTA (البانی)، RTS (راچیسٹر) اور NFTA (بفلو) شامل ہیں۔ NFTA کے لیے نو پینٹوگرافز نصب کیے گئے ہیں جبکہ مزید 27 زیرِ تعمیر ہیں۔

ای نقل و حرکت کے بارے میں مزید معلومات کے لیے، NYPA کی ویب سائٹ پر ان کے برقی گاڑی کا بنیادی ڈھانچہ کے صفحات ملاحظہ کریں۔

ریاست نیویارک کا ملک میں پہلا موسمیاتی منصوبہ
ریاست نیو یارک کے قومی سطح کے ماحولیاتی ایجنڈا میں ایک منظم اور منصفانہ منتقلی کا مطالبہ کیا گیا ہے جو گھرانوں کے لیے پائیدار ملازمتیں پیدا کرے، تمام شعبوں میں سرسبز معیشت کو فروغ دے، اور اس بات کو یقینی بنائے کہ صاف توانائی کی سرمایہ کاریوں کی مراعات کے 40 فیصد ہدف کے ساتھ، کم از کم 35 فیصد پسماندہ کمیونٹیز کے لیے دستیاب بنائی جائیں۔ موسمیاتی اور صاف توانائی سے متعلق ملک کے بعض انتہائی پُرعزم اقدامات سے رہنمائی حاصل کرتے ہوئے نیویارک 2040 تک کاربن کے صفر اخراج والے بجلی کے شعبے کے حصول کی راہ پر گامزن ہے، جس میں 2030 تک 70 فیصد قابلِ تجدید توانائی کی پیداوار، اور وسط صدی تک معیشت کو کاربن سے پاک کرنے جیسے اقدامات شامل ہیں۔ نیو یارک کی جانب سے صاف توانائی پر بے مثال سرمایہ کاری کرنا اس تبدیلی کا ایک کلیدی سنگِ بنیاد ہے، جس میں پوری ریاست میں بڑے پیمانے والے 120 قابلِ تجدید اور ٹرانسمیشن پروجیکٹس میں 35$ بلین سے زائد، عمارتوں سے ہونے والے مضر اخراجوں کو کم کرنے کے لیے 6.8$ بلین، شمسی توانائی کا حجم بڑھانے کے لیے 3.3$ بلین، صاف نقل و حمل والے اقدامات کے لیے 1$ بلین سے زائد، اور NY گرین بینک کے وعدوں میں 2$ بلین سے زیادہ کی سرمایہ کاریاں شامل ہیں۔ یہ اور دیگر سرمایہ کاریاں سال 2021 میں نیو یارک کے صاف توانائی کے شعبے میں 165,000 سے زائد ملازمتوں کی معاونت کر رہی ہیں اور سال 2011 کے بعد سے تقسیم شدہ شمسی شعبے میں 3,000 فیصد سے زیادہ کی ترقی لا رہی ہیں۔ گرین ہاؤس گیسوں کے اخراج میں کمی اور ہوا کے معیار کو بہتر بنانے کے لیے، نیو یارک نے صفر اخراج کرنے والی گاڑیوں کے ضابطے بھی بنائے ہیں، جن کے تحت 2035 تک پابند بنایا جائے گا کہ ریاست میں فروخت کی جانے والی تمام نئی مسافر گاڑیاں اور لائٹ ڈیوٹی ٹرکس صفر اخراج کرتے ہوں۔ تقریباً 400 رجسٹرڈ اور 100 مصدقہ موسمیاتی سمارٹ کمیونٹیز، تقریباً 500 صاف توانائی والی کمیونٹیز، اور پوری ریاست میں 10 غریب و پسماندہ کمیونٹیز میں فضائی آلودگی کی نگرانی کرنے اور اسے بتدریج ختم کرنے والی ریاست کی سب سے بڑی کمیونٹی پہل کاریوں کے ذریعے نیو یارک کے ماحولیاتی اقدامات میں مزید تیزی لانے کے لیے شراکت داریاں کی جا رہی ہیں، تاکہ فضائی آلودگی اور موسمیاتی تبدیلیوں کا مقابلہ کرنے والے اپنے اہداف کے حصول میں مدد مل سکے۔

###

اضافی خبریں یہاں ملاحظہ کی جا سکتی ہیں www.governor.ny.gov
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418

ان سبسکرائب کریں